© rasailojaraid.com



اور بعض گرم ممالک میں ممکن ہے کہ شمسی گرمالہ اور حرارتی پمپ استعمال کرکے پانی کی کشید کی جاسکے۔

کمیٹی نے رپورٹ میں بتلایا ہے کہ گھروں کو سورج کی شعاعوں سے گرم کرنے کی طرف توجہ بھی جانی چاہئے۔ اس کے لئے ضرورت ہے کہ کھڑکیاں بڑی رکھی جائیں۔ ماضی میں اس طرف کم توجہ کی گئی ہے۔ حالانکہ اس سے ایندھن میں کفایت ہوتی ہے۔

رپورٹ نے تسلیم کیا ہے کہ کھانے پکانے کے دیگر ذرائع کے ہوتے ہوئے سورج سے کھانا پکانے کا رجحان نہیں ہے لیکن جہاں کوئلہ، برق، یا لکڑی نہیں ملتی وہاں ایک آفتابی چولھا کام میں لایا جاسکتا ہے جس سے کھانا نہایت عمدگی سے تیار ہوسکتا ہے۔

رپورٹ میں ہندوستانی قومی تجربہ خانہ طبیعات (انڈین نیشنل فزیکل لیبوریٹری) کے تیار کردہ آفتابی چولھے کا ذکر کیا گیا ہے جس میں ایک آئینہ اور ایک دباؤ دار کوکر (PRESSURE COOKER) استعمال کیا گیا ہے۔ یہ چولھا اچھا کام دیتا ہے، لیکن ساتھ ہی اس کا بھی ذکر کیا ہے کہ اس چولھے کی قیمت اتنی ہے کہ جن لوگوں کے لئے اسے بنایا گیا ہے وہ اسے خرید نہ سکیں گے۔

---

## ندوۃ المصنفین کی ایک شاندار کتاب

## "عرب اور اسلام"

"عرب اور اسلام" پروفیسر فلپ کے حتی کی شہرۂ آفاق انگریزی کتاب HISTORY OF THE ARABS کے خلاصے A SHORT HISTORY OF THE ARABS کا نہایت کامیاب اور شاندار ترجمہ ہے اس جامع خلاصے میں پروفیسر حتی نے خاص طور پر ایسے اجزا شامل کئے ہیں جن کے ذریعہ مغرب کو اسلام کے پیغام اور اس کی خدمات سے اور انسانیت پر اس کے احسانات سے روشناس کرایا جاسکتا تھا۔ پروفیسر مذکور نے فی الحقیقت تاریخ نویسی اور حقیقت نگاری کا حق ادا کردیا ہے کتاب کے مترجم پروفیسر سید مبارز الدین صاحب رفعت ایم۔اے ہیں جو اس وقت نوجوان پروفیسروں میں صفِ اول کے مترجم سمجھے جاتے ہیں۔ صفحات ۲۵۰ قیمت ہے، مجلد للعہ



© rasailojaraid.com